نیا سال پاکستان سمیت دنیا بھر کیلئے امن وسلامتی اور ترقی وخوشحالی کا سال ثابت ہو، الطاف حسین

کارکنان تحریک کے مشن ومقصد کی کامیابی کیلئے مزید محنت ولگن سے کام کریں، سال نو کے موقع پر پیغام

لندن۔۔۔31، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے عوام کو نئے سال کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نیا سال پاکستان سمیت دنیا بھر کیلئے امن وسلامتی اور ترقی وخوشحالی کا سال ثابت ہو۔ سال 2009ء کے آغاز پر اپنے تہنیتی پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان اپنی تاریخ کے نازک ترین دور سے گزر رہا ہے، ملک وقوم کو اندرونی وبیرونی خطرات لاحق ہیں اور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام مہنگائی، بے روزگاری، بھوک وافلاس کے باعث کسمپرسی کا شکار ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ نئے سال کو پاکستان بھر کے عوام کیلئے مبارک ثابت کرے اور یہ سال پاکستان سمیت دنیا بھر کیلئے امن وسلامتی اور ترقی وخوشحالی کا سال ثابت ہو۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ سال 2009ء کا سورج ملک بھر کے عوام کیلئے اتحاد ویکجہتی اور کامیابیوں کی نوید لیکر طلوع ہو، پاکستان کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماء سیاسی مفادات کو بالائے طاق رکھ کر قومی سلامتی وبقاء کیلئے عملی جدوجہد کریں، ملک بھر کے عوام میں اتحاد، محبت، یگانگت اور بھائی چارے کی فضاء قائم ہو، ملک میں قومی یکجہتی کیلئے ایک قوم کا تصور مضبوط ہو، ملک سے مذہبی انتہاء پسندی، فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم کا خاتمہ ہو اور ملک بھر کے عوام امن وسلامتی کے ساتھ اپنی زندگی بسر کرسکیں۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران، منتخب نمائندگان اور کارکنان وعوام کو بھی سال نو کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک نئے عزم اور جذبہ کے ساتھ حق پرستی کی جدوجہد کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں اور تحریک کے مشن ومقصد کی کامیابی کیلئے مزید محنت ولگن سے کام کریں۔

سیاسی ومذہبی جماعتوں کو پاکستان کی سلامتی وبقاء کیلئے بھرپور کردار ادا کرنا چاہئے، اشفاق منگی

ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر کی تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔31، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے کہا ہے کہ تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کو پاکستان کی سلامتی وبقاء کیلئے بھرپور کردار ادا کرنا چاہئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر کی تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اشفاق منگی نے کہا کہ پاکستان کی سرحدوں پر خطرات منڈلا رہے ہیں اور اس نازک صورتحال میں سیاسی رہنماؤں کو نان ایشوز کے بجائے قومی سلامتی کی فکر کرنی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان کے واحد رہنماء ہیں جو قومی سلامتی وبقاء کیلئے سیاسی جماعتوں کے درمیان باہمی اختلافات کو بالائے طاق رکھنے کی اپیل کررہے ہیں اور اس نازک صورتحال میں تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کو پاکستان کی سلامتی وبقاء کیلئے بھرپور کردار ادا کرنا چاہئے۔ اشفاق منگی نے ایم کیوایم کے کارکنان پر زور دیا کہ وہ عوام کو ملکی وبین الاقوامی حالات سے باخبر رکھیں، حالات پر گہری نظر رکھیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات اور تنظیمی لٹریچر کا پابندی سے مطالعہ کریں۔

ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے رکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔31، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے رکن طارق برنی کے والد حنیف الرحمٰن برنی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

حق پرست نمائندوں نے شیخ لیاقت حسین کی عیادت کی

کراچی ۔۔۔31، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل، وزیر اعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر خواجہ اظہار الحسن اور رکن سندھ اسمبلی اقبال قادری ایڈوکیٹ نے مقامی اسپتال جا کر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر شیخ لیاقت حسین کی عیادت کی ۔انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شیخ لیاقت حسین کی خیریت دریافت کی اور انہیں گلدستہ پیش کیا۔وہ کچھ دیر تک ان کے ساتھ رہے اور انہوں نے شیخ لیاقت حسین کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ۔

اے پی ایم ایس او کی جانب سے سال نو کے موقع پر کلینڈر کا اجراء کر دیا گیا ہے

کراچی ۔۔۔31، دسمبر 2008ء۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے تحت کے سال نو 2009ء کے موقع پر دیدہ زیب کلینڈر کا اجراء کر دیا گیا ہے۔اس کلینڈر کا مرکزی خیال ''موجودہ حالات میں ملک وقوم کو درپیش مشکلات میں تحفظ اور اتحاد کو یقینی بنانا ہے تاکہ ملک اور خطہ میں باہمی ہم آہنگی اور امن وسلامتی قائم ہو۔

☆☆☆☆☆